روزنامہ الفضل قادیان دارالامان — ایڈیٹر غلام نبی

THE DAILY ALFAZL QADIAN.

یوم چہار شنبہ

جلد ۲۹ | یکم ماہ صلح ۱۳۲۰ ہش | ۲ ذوالحجہ ۱۳۵۹ھ | یکم جنوری ۱۹۴۱ء | نمبر ۱

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی پہلی تقریر

جلسہ سالانہ ۱۹۴۰ء کے موقع پر

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۲۷ دسمبر جلسہ سالانہ کے موقعہ پر جو پہلی تقریر فرمائی۔ اس کا خلاصہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔ حضور نے فرمایا:۔

آج جمعہ سے پہلے مستورات کے جلسہ میں میری تقریر تھی۔ جہاں منتظمین کی بے توجہی کی وجہ سے لاؤڈ سپیکر خراب تھا۔ اس وجہ سے مجھے اونچی آواز سے بولنا پڑا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ ابھی تقریر یا شروع بھی نہیں ہوئی۔ اور میرا گلا خراب ہو گیا ہے۔ یہ بات میری سمجھ میں کبھی نہیں آئی۔ کہ جو باتیں متواتر ہوتی ہوں ان میں غلطیاں کیونکر ہو سکتی ہیں۔

اخبارات سلسلہ کا ذکر کرتے ہوئے حضور نے احباب کرام کو ان کی خریداری کی طرف توجہ دلائی۔

پھر حضور نے سکھوں کی کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

اس سال کے واقعات میں سے ایک سکھوں کا جلسہ ہے۔ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق نہایت گندے الفاظ استعمال کئے گئے۔ اور جتنا اشتعال ممکن تھا۔ پیدا کیا گیا۔ اور جو شرافت ہم نے دکھائی۔ اس کا بھی ناجائز استعمال کیا گیا۔

حکام نے پہلے خود ہی ایک راستہ جلوس کے لئے تجویز کیا۔ اور ہمیں کہا۔ کہ وہ احمدی علاقہ سے نہیں گزرے گا۔ مگر جب سکھوں نے اس طرف سے گزرنے کا رخ کیا۔ تو پولیس بجائے روکنے کے ان کے آگے آگے چل پڑی۔ اور اپنے فیصلہ کو خود ہی رد کر دیا۔

غیر مبایعین کے متعلق فرمایا۔ اس سال کے دوران میں ان کی طرف سے بھی خاص طور پر حملہ ہوتا رہا ہے۔ شیخ عبدالرحمٰن صاحب مصری وغیرہ کے نکلنے پر ان کو یہ خیال پیدا ہوا۔ کہ وہ جماعت میں فتنہ اندازی کر سکتے ہیں۔ لیکن انہیں یاد رکھنا چاہیئے۔

ایں خیال است و محال است و جنوں

خدا تعالیٰ کا مجھ سے وعدہ ہے۔ کہ میرے متبع میرے منکروں پر قیامت تک غالب رہیں گے۔ پس وہ جتنا چاہیں۔ زور لگا لیں ان کے ہاتھوں میں یہ طاقت ہی نہیں۔ کہ خدا تعالیٰ کے سلسلہ پر کوئی ضرب لگا سکیں۔ اس کے بعد حضور نے غیر مبایعین کے بعض اعتراضات کے جواب دیئے۔ جو مفصل تقریر میں آئیں گے۔

اس کے بعد حضور نے محمد اسمٰعیل صاحب اور صالح محمد صاحب کا ذکر کیا۔ کہ وہ ایک خفیہ سوسائٹی قائم کر رہے تھے۔ جس کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ اس پر انہیں جماعت سے علیحدہ کیا گیا۔ اب ان کو ہمارے عقائد میں غلطیاں محسوس ہونے لگ گئی ہیں جیسا کہ میں نے سنا ہے۔ اب مصری صاحب نے بھی یہی اعلان کر دیا ہے۔

اس کے بعد حضور نے اپنی تصنیف فرمودہ تفسیر القرآن سے فائدہ اٹھانے کا ارشاد فرمایا۔ پھر دوران سال میں تبلیغی مساعی کا ذکر فرمایا۔ اور مختلف اضلاع اور مختلف علاقوں سے بیعت کرنے والوں کی تعداد سنائی۔ حضور نے فرمایا۔ اس سال ضلع گورداسپور میں خاص طور پر تبلیغ پر زور دیا گیا۔ اور ۱۱۸۸ اشخاص نے بیعت کی۔ ضلع سیالکوٹ دوسرے نمبر پر رہا۔ جہاں سے بیعت کرنے والوں کی تعداد ۱۶۷ ہے۔ اور تیسرے درجہ پر ضلع گجرات ہے۔ جہاں سے ۱۵۵ اصحاب نے اس سال بیعت کی۔ کل بیعت کرنے والوں کی تعداد جو دنیا میں ہوئی۔ ۳۵۰۷ ہے۔

آپ نے فرمایا۔ کہ دوست ان علاقوں سے مطلع کریں۔ جہاں کوئی احمدی نہ ہو۔ تا وہاں تبلیغ کے لئے مبلغ بھجوائے جائیں۔

بیرونی مشنوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہر جگہ کامیابی ہو رہی ہے۔ اس سال کے افسوسناک واقعات کا ذکر کرتے ہوئے حضور نے فرمایا۔ چین کا دوسرا مبلغ فوت ہو گیا ہے۔ ان کا نام محمد رفیق تھا۔ اور وہ تحریک جدید کے ماتحت تبلیغ کے لئے گئے تھے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ بعض نئے مراکز کی بنیاد بھی رکھی جا رہی ہے۔ اور مجاہدین کو وہاں کام کرنے کے لئے تیار کیا جا رہا ہے۔ اس غرض سے اور نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ جو خدمت دین کے لئے اپنی زندگی وقف کریں۔ حضور نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ گزشتہ دو سال سے وقف زندگی کی تحریک کی طرف کم توجہ کی گئی ہے۔

اس کے بعد حضور نے تحدیث بالنعمت کے طور پر بعض اپنے الہامات اور رویا و کشوف بیان فرمائے جو موجودہ جنگ کے سلسلہ میں پورے ہو چکے ہیں اور جن میں سے بعض خطبات میں بیان ہو چکے ہیں۔ پھر حضور نے تحریک جدید کی طرف توجہ دلائی۔ اور سادہ زندگی کی اہمیت بیان فرمائی۔ عورتوں کو خاص طور پر مخاطب کر کے فرمایا ان کو یقین رکھنا چاہیئے۔ کہ وہ بھی دین کی خدمت کر سکتی ہیں۔ اور انہیں مردوں کے ساتھ مل کر اس تحریک کی بنیادوں کو مضبوط کرنا چاہیئے۔ پھر حضور نے سنیما دیکھنے کی ممانعت پر زور دیا۔

اور چندہ تحریک جدید کے متعلق فرمایا کہ اب سے جو تحریک کی گئی ہے اس کی طرف احباب نے بہت توجہ کی ہے۔ جن کی طرف گزشتہ سالوں کے بقائے ہیں ان کو بھی ادائیگی کی فکر کرنی چاہیئے۔ اس کے بعد حضور نے امانت فنڈ تحریک جدید میں حصہ لینے کا ارشاد فرمایا۔ اس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ ہر شخص کو کچھ نہ کچھ اس میں جمع کرتے رہنا چاہیئے۔

بعدہ حضور نے خدام الاحمدیہ کی تحریک کا ذکر فرمایا۔ کہ اس تحریک کو بہت عام کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ میں اس کے ذریعہ آئندہ نسلوں کو محفوظ کرنا چاہتا ہوں۔ یہ احمدیت کے زندہ رکھنے کے لئے ایک کوشش ہے۔ ماں باپ کی ناجائز محبت بری صحبت۔ زمانہ کی رَو اور نفس کی بغاوت تربیت اولاد کی راہ میں شدید روکیں ہیں۔ انصاراللہ کی تحریک بھی میں نے اس غرض سے جاری کی۔ کہ والدین کی طرف سے جو روکاوٹیں بچوں کی اصلاح کے رستہ میں پیش آتی ہیں وہ دُور ہو سکیں۔ پھر میں نے مجلس اطفال بنانے کے لئے بھی کہا ہے تاکہ چھوٹے بچوں کی تربیت بھی کی جائے۔ اور ان سب باتوں کی طرف دوستوں کو پوری توجہ کرنی چاہیئے۔ مجالس خدام الاحمدیہ کے عہدہ داروں کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا وہ نرمی محبت اور خلوص سے دوسروں کے دل نرم کر کے اصلاح کی کوشش کیا کریں۔ اور سزا کو انتہائی قدم سمجھیں۔ حضور نے باجماعت نماز کی پابندی کی تلقین فرمائی۔ اور خدام الاحمدیہ کی طرف سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کے امتحان کا جو سلسلہ جاری کیا گیا ہے اس کے متعلق اظہار پسندیدگی فرمایا۔ اور تربیت کی خاطر بعض نئی کتب تیار کرانے کی ہدایت فرمائی۔ حضور نے احباب کو یہ بھی نصیحت فرمائی۔ کہ ہر جگہ احمدیہ مسجد ہونی چاہیئے خواہ وہ کچی ہی ہو یا چھپر ہی ہو مگر ہونی ضروری ہے۔ پھر حضور نے سچ بولنے کی نصیحت فرمائی۔ اور فرمایا کہ ہر احمدی کو اس پر پوری طرح قائم ہونا چاہیئے۔ اور دوسروں کے لئے نمونہ بننا چاہیئے۔ قریباً چھ بجے شام حضور کی تقریر ختم ہوئی۔

مدینۃ المسیح

قادیان ۳۰ فتح ۱۳۱۹ھش۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالے بنصرہ العزیز کے متعلق پونے نو بجے شب کی ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے۔ کہ حضور کی طبیعت متلی کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب صحت کاملہ کے لئے دعا کریں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کو سر درد اور چکروں کی تکلیف ہے۔ احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے دعا کریں۔

حرم اول حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالے بنصرہ العزیز کو پیٹ میں شدید درد ہے۔ دعائے صحت کی جائے۔

دفتر نظارت دعوۃ و تبلیغ میں کئی روز سے روزانہ مختلف علاقوں کے احباب تشریف لاتے اور جناب ناظر صاحب دعوۃ و تبلیغ سے تبلیغی امور کے متعلق اپنی مشکلات پیش کر کے مشورہ لیتے ہیں۔

آج ماہ ذوالحجہ کا چاند دیکھا گیا۔

کل حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالے بنصرہ العزیز نے ناصرہ بیگم بنت جناب مولوی فخرالدین صاحب پنشنر مرحوم کا نکاح ملک نواب خان صاحب ساکن کوٹ فتح خان ضلع اٹک کے ساتھ پانصد روپیہ مہر پر پڑھا۔ اللہ تعالے مبارک کرے۔

الفضل کی انتیسویں جلد کا آغاز

الحمدللہ ثم الحمدللہ کہ الفضل اپنی اٹھائیسویں جلد ختم کر کے انتیسویں میں قدم رکھ رہا ہے۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ خدا تعالے آئندہ سال کارکنان الفضل کو خاص طور پر خدمات دین بجا لانے کی توفیق دے۔ اور ان خدمات میں برکت ڈالے

چھوٹے بچوں کے لئے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی ن

۲۷ دسمبر حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالے بنصرہ العزیز نے تقریر شروع کرنے سے قبل فرمایا کل جو احباب نے ملاقاتیں کیں تو میں نے دیکھا کہ ان کے بچے بھی بہت سے تھے۔ یہ ایک رَو ہوتی ہے۔ کبھی جلسہ پر عورتیں پہلے سے زیادہ آتی ہیں کبھی مرد اور کبھی بچے۔ اس دفعہ بچوں کو زیادہ تعداد میں دیکھ کر خوشی ہوئی۔ کہ آئندہ نسلوں میں احمدیت سے محبت پیدا ہو رہی ہے۔ میں نے ایک دفعہ چھوٹے بچوں کے لئے نظم لکھی تھی وہ اس وقت ماسٹر محمد شفیع صاحب اسلم سنائیں گے۔ احباب بچوں کو یاد کرائیں۔

مری رات دن بس یہی اک صدا ہے
کہ اس عالم کون کا اک خدا ہے

اسی نے ہے پیدا کیا اس جہاں کو
ستاروں کو سورج کو اور آسماں کو

وُہ ہے ایک اس کا نہیں کوئی ہمسر
وہ مالک ہے سب کا وہ حاکم ہے سب

نہ ہے باپ اس کا نہ ہے کوئی بیٹا
ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا

نہیں اس کو حاجت کوئی بیویوں کی
ضرورت نہیں اس کو کچھ ساتھیوں

ہر اک چیز پر اس کو قدرت ہے حاصل
ہر اک کام کی اس کو طاقت ہے حاصل

پہاڑوں کو اس نے ہی اونچا کیا ہے
سمندر کو اس نے ہی پانی دیا

یہ دریا جو چاروں طرف بہہ رہے ہیں
اسی نے تو قدرت سے پیدا کئے ہیں

سمندر کی مچھلی ہوا کے پرندے
گھریلو چرندے بنوں کے درندے

سبھی کو وہی رزق پہونچا رہا ہے
ہر اک اپنے مطلب کی شے کھا رہا

ہر اک شے کو روزی وُہ دیتا ہے ہردم
خزانے کبھی اس کے ہوتے نہیں کم

وُہ زندہ ہے اور زندگی بخشتا ہے
وُہ قائم ہے ہر ایک کا آسرا ہے

کوئی شے نظر سے نہیں اسکی مخفی
بڑی سے بڑی ہو کہ چھوٹی سے چھوٹی

دلوں کی چھپی بات بھی جانتا ہے
بدوں اور نیکوں کو پہچانتا ہے

وُہ دیتا ہے بندوں کو اپنے ہدایت
دکھاتا ہے ہاتھوں پہ ان کے کرامت

ہے فریاد مظلوم کی سننے والا
صداقت کا کرتا ہے وُہ بول بالا

گناہوں کو بخشش سے ہے ڈھانپ دیتا
غریبوں کو رحمت سے ہے تھام لیتا

یہی رات دن اب تو میری صدا ہے
یہ میرا خدا ہے یہ میرا خدا ہے

جلسہ سالانہ ۱۹۴۰ء پر حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی دوسری تقریر کا خلاصہ

عالم رُوحانی کی سیر

۲۸-ماہ فتح ۱۳۱۹ہش کو جلسہ سالانہ کے عظیم الشان مجمع میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ نے مسلسل چار گھنٹے جو تقریر فرمائی - اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے:-

حضور نے سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا-

پیشتر اس کے کہ میں اپنا آج کا مضمون بیان کرنا شروع کروں - مَیں

"سول" اخبار کی ایک خبر کے متعلق کچھ

کہنا چاہتا ہُوں - جو میری کل کی تقریر کے متعلق اس میں شائع ہُوئی ہے -

کسی نے کہا ہے:- ع

چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

وُہ چور بھی کیسا بہادر ہے - جو چوری کرنے کے لئے ہاتھ میں لیمپ لے کر آئے۔

پہلے بھی "سول" میں جھوٹ لکھا گیا تھا - جب اس کا ایک نمائندہ اس وقت مجھ سے ملاقات کرنے کے لئے آیا - جب میں نے اپنی وصیت کا اعلان کیا تھا - وُہ خود ہی سوالات کرتا گیا - اور میں اس کی باتوں کا جواب دیتا رہا - آخر جب وُہ اُٹھنے لگا تو میں نے کہا - کہ مجھے اخبار والوں کا بڑا تلخ تجربہ ہے - اور میں ڈرتا ہُوں - کہ آپ کوئی ایسی بات شائع نہ کریں - جو واقعات کے لحاظ سے غلط ہو - میں چونکہ ایک ایسی

جماعت کا امام

ہوں - جو چاروں طرف سے اعتراضات کا ہدف بنی ہُوئی ہے - اس لئے اگر آپ نے کوئی غلط بات درج کر دی - تو لوگوں کو اور زیادہ اعتراض کرنے کا موقعہ مل جائے گا - مگر وُہ کہنے لگا - آپ بالکل فکر نہ کریں - ہم لوگ بہت دیانتدار ہیں مگر اُس نے جو رپورٹ شائع کی - اس میں واقعات کو بہت کچھ بگاڑ دیا - اخباروں میں چونکہ رقابت ہوتی ہے - اس لئے "سٹیٹسمین" کو جب معلوم ہُوا - کہ "سول" کا نمائندہ وہاں گیا ہے - تو اس نے بھی اپنے ایک نمائندہ کو بھیجا - مگر باوجود اس کے کہ اُسے صرف پندرہ بیس منٹ ہی وقت دیا گیا تھا - اُس نے جو رپورٹ شائع کی وُہ ایسی غلط نہیں تھی - جیسے "سول" اخبار کے نمائندہ کی - بعض غلطیاں اس میں بھی تھیں - مگر وُہ ایسی نہیں - جو قابل برداشت تھیں - باقی تمام رپورٹ شریفانہ رنگ میں لکھی گئی تھی - لیکن "سول" میں بعض باتیں واقعات کے لحاظ سے غلط لکھ دی گئی تھیں - وُہ خود سوال کرتا گیا - کہ آپ کے بیٹے کتنے ہیں - آپ نے شادیاں کتنی کیں - اب ان باتوں کے جواب میں یہ کس طرح ہو سکتا تھا - کہ میں سُورۃ فاتحہ کی تفسیر شروع کر دیتا - جب وُہ میری ذات کے متعلق باتیں دریافت کر رہا تھا - تو میرا فرض تھا - کہ میں ان کا جواب دیتا - مگر اس نے اخبار میں یہ لکھ دیا - کہ وُہ اس عرصہ میں اپنی ذات کے متعلق ہی باتیں کرتے رہے:-

اب کل کی تقریر کے متعلق بھی اس نے ایسا ہی کیا ہے - اور چونکہ اس نے ایسی بات بیان کی ہے - جو ہمارے مذہب کے خلاف ہے - اس لئے میں نے اس کی تردید کرنی ضروری سمجھی - مثلاً "سول" نے لکھا ہے - کہ مَیں نے اپنی تقریر میں کہا - ہم عدم تشدد کے قائل نہیں - اور یہ کہ ہم گورنمنٹ کو دکھا دیں گے - کہ ہم کیسے ہیں اس کا سوائے اس کے اور کیا مطلب ہو سکتا ہے - کہ ہم گورنمنٹ کے خلاف کھڑے ہو جائیں گے - حالانکہ شروع دن سے جماعت احمدیہ جس عقیدہ پر قائم ہے - وُہ یہ ہے کہ ہمیں کسی قسم کے فتنہ و فساد میں حصّہ نہیں لینا چاہیئے -

پس یہ بالکل جھوٹی بات ہے - احرار کی شورش کے زمانہ میں گورنمنٹ صراحتاً ہمارے خلاف حصہ لیتی تھی - مگر ہم نے ایسے طریق سے مقابلہ کیا - کہ اپنے اصُول کو بھی نہ چھوڑا - اور گورنمنٹ کو بھی شکست کھانی پڑی - اس وقت جھوٹی رپورٹیں بھی کی گئیں - جھوٹے مقدمات بھی بنائے گئے مگر ہم نے ان سب باتوں کو برداشت کیا - اور شرافت کے ساتھ اسلامی طریق سے مقابلہ کیا - اور آخر گورنمنٹ کو نیچا دیکھنا پڑا - پس جبکہ اس وقت بھی ہم نے اپنے اصُول کو نہ چھوڑا - تو اب کس طرح چھوڑ سکتے ہیں تعجب ہے - کہ ایسا ذمہ وار اخبار ایسے کو دن لوگوں کو رپورٹ کے لئے کیوں بھیج دیتا ہے - جو بات کو پُورے طور پر سمجھنے کی اہمیت بھی نہیں رکھتے:-

اس کے بعد حضور نے

"سیر رُوحانی"

کے مضمون پر تقریر شروع فرمائی - جس میں بتایا - کہ میں نے ۱۹۳۸ء کے سفر میں علاوہ اور نادر روزگار عجائبات کے بڑی بڑی عالی شان مساجد دیکھیں - جو سُرخ اور سفید اور سیاہ پتھروں کی بنی ہُوئی تھیں اور جن میں لاکھ لاکھ آدمی بیک وقت نماز ادا کر سکتے تھے - میں نے اس وقت سوچا کہ کیا ان کے مقابلہ میں عالم رُوحانی میں بھی کوئی مسجد ہے؟ جب میں نے اس پر غور کیا - تو سب سے پہلا سوال میرے سامنے یہ آیا - کہ مسجد کا کام کیا ہوتا ہے سو اس کے متعلق میں نے قرآنِ کریم پر غور کیا - تو مجھے اس میں یہ آیت نظر آئی کہ اِنَّ اوّل بیت وضع للنّاس للّذی ببکّۃ مبارکًا وّھُدًی للعالمین کہ سب سے پہلی مسجد جو لوگوں کے لئے بنائی گئی - وُہ مکّہ میں ہے - وضع للنّاس وُہ تمام بنی نوعِ انسان کے لئے بنائی گئی ہے - کسی خاص فرد کے لئے نہیں - دوسرے وُہ مبارک ہے - تیسرے ھدًی سب انسانوں کے لئے ہدایت کا ذریعہ ہے - اس آیت میں مسجد کی تین اغراض بیان کی گئی ہیں - (۱) مساوات - (۲) وُہ پاکیزگی کا مقام ہے - (۳) وُہ ہدایت کا ذریعہ ہوتی ہے - اس کے علاوہ قرآنی آیات سے مسجد کی ذیل کی اغراض بھی ثابت ہوتی ہیں (۴) مثابہ یعنی جمع ہونے کی جگہ - گویا مساجد لوگوں کو جمع کرنے کے لئے بنائی جاتی ہیں - (۵) مساجد شر سے روکتی ہیں - (۶) مساجد امن کے قیام کے لئے بنائی جاتی ہیں (۷) مساجد کے ذریعہ امامت کو زندہ رکھا جاتا ہے (۸) مساجد مسافروں کے آرام کے لئے بنائی جاتی ہیں (۹) مساجد اجتماعی عبادت کے لئے بنائی جاتی ہیں - (۱۰) مساجد میں وُہ لوگ رہتے ہیں جو اپنی زندگی خدا تعالےٰ کے لئے وقف کئے ہوئے ہوں:-

اب ہم دیکھتے ہیں - کہ

مسجد کی مشابہت

کس چیز سے ہے - اس کے لئے علم تعبیر الرویاء سے معلوم ہوتا ہے - کہ مسجد انبیاء کی جماعت کو کہا جاتا ہے - اب دیکھنا یہ چاہیئے - کہ کیا انبیاء کی جماعتوں میں یہ باتیں پائی جاتی ہیں - باقی انبیاء کے تاریخی حالات محفوظ نہیں - لیکن حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام خصوصیات ان میں موجود تھیں - چنانچہ مسجد کی پہلی غرض یہ ہوتی ہے - کہ اس کے دروازے تمام بنی نوع انسان کے لئے کھلے ہوں - ادھر صحابہ کے متعلق اللہ تعالےٰ فرماتا ہے - کنتم خیر امۃ اخرجت للناس کہ تم بہترین اُمت ہو - اور تم کسی ایک قوم کے لئے نہیں - بلکہ تمہارا پیغام دُنیا کی تمام اقوام کے لئے ہے - اس ضمن میں حضور نے

غلامی کا مسئلہ

تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا - اور بتایا کہ کس طرح مسلمانوں نے اُسے دور کر کے مساوات قائم کی - مسجد کی دوسری غرض یہ ہوتی ہے - کہ وُہ مقامِ مبارک ہوتا ہے جس میں ذکر الٰہی کیا جاتا ہے صحابہ رضؓ کے متعلق خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ فی بیوتٍ اذن اللہ ان ترفع ویذکر فیھا اسمہٗ - مبارک کے دوسرے معنے پاکیزگی کے مقام کے ہیں - اس لحاظ سے بھی صحابہ رضؓ کو مسجد سے مماثلت ہے - کیونکہ فرماتا ہے یزکّیھم - یہ رسُول ان کو پاک کرتا ہے - مسجد کی تیسری غرض ھدًی للعالمین ہوتی ہے - یہ کام بھی صحابہ رضؓ نے بدرجہ اتم کیا - حتیٰ کہ رسُول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم - مساجد کا چوتھا کام لوگوں کو جمع کرنا ہوتا ہے - صحابہ رضؓ بھی یحبّون من ھاجر الیھم کا مصداق تھے:

اور اتنے وسیع الحوصلہ تھے۔ کہ مہاجرین کے لئے انصار نے اپنی جائدادیں نصف نصف کر دیں۔ پانچویں مساجد بدی سے بچاتی ہیں۔ صحابہ نے بھی ہمیشہ اپنے دور حکومت میں رعایا کو ہر قسم کے شر سے بچایا۔ اور انصاف کو پوری طرح ملحوظ رکھا۔ اس ضمن میں حضور نے شراب اور جوئے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ آج حکومتیں اس بدی سے لوگوں کو نجات نہیں دلا سکیں۔ مگر اسلام نے اس کا قلع قمع کر دیا تھا۔ چھٹے مساجد امن کا موجب ہوتی ہیں۔ اور صحابہ کا نام ہی مسلمان تھا۔ جس کے معنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمائے ہیں۔ کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ کے شر سے لوگ محفوظ رہیں۔ اس کے بعد حضور نے تفصیلاً بتایا کہ امن کیونکر برباد ہوتا ہے۔ اور صحابہ نے اس امن کے قیام کے لئے کیا کیا طریق اختیار کئے۔ ساتویں مساجد سے امامت کو قوم کے سامنے زندہ رکھا جاتا ہے۔ صحابہ نے بھی رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے معاً بعد سلسلہ خلافت کو قائم کر کے امامت کو زندہ کر دیا۔ جس طرح مسجدیں اس لئے بنائی جاتی ہیں تا امامت قائم رہے۔ اسی طرح نبیوں کی جماعت اس لئے قائم کی جاتی ہے تا خلافت قائم رہے۔ نویں مساجد مسافروں کے فائدہ کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ اسلام میں بھی مہمان نوازی کے متعلق خاص احکام پائے جاتے ہیں۔ دسویں مساجد میں ایسے لوگ رہتے ہیں۔ جو خالصاً خدا تعالے کے لئے وقف ہوتے ہیں مسلمانوں کو بھی اللہ تعالے نے یہی فرمایا ہے کہ ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینھون عن المنکر۔ غرض جس قدر

مساجد کے اغراض ومقاصد

ہیں۔ وہ سب کے سب صحابہ کی جماعت میں پائے جاتے ہیں۔ مگر کتنے ہیں جو شاہی مسجد اور موتی مسجد اور جامع مسجد کو تو دیکھتے ہیں۔ جو اینٹوں پتھروں کی بنی ہوئی ہیں۔ مگر اس شاندار روحانی مسجد کو نہیں دیکھتے جس کی نظیر دنیا میں اور کہیں نہیں ملتی۔ یہی وہ مسجد ہے جسے دیکھ کر ایک مومن بے اختیار کہہ اٹھتا ہے کہ اللھم صل علی محمد وعلی اٰل محمد وبارك وسلم انك حمید مجید۔

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے حضور نے فرمایا۔

پانچویں چیز میں نے اس سفر میں

قلعے دیکھے

گولکنڈہ کا قلعہ دیکھا۔ فتح پور سیکری کا قلعہ دیکھا۔ دہلی کا قلعہ دیکھا اور میں نے غور کیا کہ قلعے کیوں بنائے جاتے ہیں۔ آخر میں اس نتیجہ پر پہونچا کہ قلعوں کی تین اغراض ہوتی ہیں۔ اول ملک کے لئے نقطۂ مرکزی ثابت ہوں۔ دوم غیر پسندیدہ عناصر اس میں داخل نہ ہو سکیں۔ اور جس کو روکنا چاہیں اسے قلعہ کی فصیلوں سے پرے ہی روک دیں۔ تیسرے اردگرد کے مقامات کی حفاظت کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ ان پر توپیں لگادی جاتی ہیں۔ اور اس طرح صرف قلعہ کی ہی نہیں بلکہ اردگرد کے علاقہ کی بھی حفاظت ہوتی ہے۔

میں نے غور کیا کہ آیا یہ باتیں کسی

روحانی مقام

کو بھی حاصل ہیں یا نہیں۔ میں نے سوچا تو مجھے قرآنی ریکارڈ میں ایک جگہ ملی جس کے متعلق اللہ تعالے فرماتا ہے واذ جعلنا البیت مثابة للناس وامنا کہ یاد رکھو بیت اللہ کو ہم نے مثابہ یعنی لوگوں کے لئے جمع ہونے کا مقام بنایا ہے۔ دوسرے مثابہ کے ایک معنی لغت میں سنٹر کے ہیں۔ اور یہی قلعہ کی غرض ہوتی ہے۔ تیسرے امنا کہہ کر یہ بتایا کہ وہ امن کا ذریعہ ہے۔ گویا تینوں غرضیں بیت اللہ سے حاصل ہو گئیں۔ اس کے بعد میں نے اس امر پر غور کیا۔ کہ

لوگ قلعے کہاں بناتے ہیں

لوگ (۱) قلعے اس جگہ بناتے ہیں جہاں پانی بہت ہو (۲) قلعے بالعموم نہر دریا یا سمندر کے کنارے بنائے جاتے ہیں۔ (۳) جہاں خوراک کے کافی ذخائر ہوں (۴) جہاں جنگل ہو اور ایندھن کافی مل سکتا ہو (۵) اگر پہاڑی علاقہ ہو تو قلعہ اونچی جگہ پر بنایا جاتا ہے۔ تا دشمن آسانی سے اس پر حملہ نہ کر سکے۔ (۶) تعمیر نہائت اعلےٰ درجہ کے چونہ اور پتھروں سے کی جاتی ہے (۷) اس کی تعمیر اس طرح کی جاتی ہے تا وہ شہر کی حفاظت کرے۔ (۸) قلعہ کی طرف آنے والے راستے ایسے تنگ بنائے جاتے ہیں۔ جن کو بوقت ضرورت آسانی سے بند کیا جا سکے۔ (۹) حول کے اردگرد جنگی چوکیاں بنائی جاتی ہیں۔ (۱۰) قلعہ کے اندر رہنے والوں کو سخت جنگجو بنایا جاتا ہے (۱۱) حملہ سے بچنے کے لئے باہر کی طرف توپیں یا منجنیقیں لگادی جاتی ہیں۔ میں نے ایک ایک کر کے تمام باتوں کو قرآن کریم کے پیشکردہ قلعہ کی طرف دیکھا۔ مگر میری حیرت کی کوئی حد نہ رہی۔ جب یہ نظر آیا۔ کہ یہ قلعہ ایسی جگہ بنا جہاں پانی کا نام ونشان نہ تھا۔ وہ علاقہ سمندر سے دور تھا۔ خوراک کے ذخائر اس میں نہیں تھے۔ بلکہ قرآن اسے وادی غیر ذی زرع کہتا ہے۔ اسی طرح اس کے اردگرد جنگل بھی نہیں تھا۔ بلکہ چٹیل میدان تھا۔ چونہ کی بجائے وہ مٹی اور گارے سے بنا۔ اور پھر یہ

عجیب قلعہ

تھا۔ کہ قلعہ تو وسط میں تھا اور شہر اردگرد۔ اسی طرح اس کے راستے چاروں طرف سے کھلے تھے۔ اردگرد جنگی چوکیاں بھی نہیں تھیں بلکہ حکم یہ تھا کہ چار چار پانچ پانچ میل تک کوئی ہتھیار لے کر نہ چلے۔ غرض جتنی باتیں قلعوں میں مدنظر رکھی جاتی ہیں ان سب کو اس روحانی قلعہ میں نظر انداز کر دیا گیا۔ اب میں نے سوچا۔ کہ یہ قلعہ تو ایک دن بھی دشمن کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتا تھا۔ پھر یہ کس طرح ٹھہرا۔ اس کے لئے پہلے میں نے دیکھا کہ یہ قلعہ بنا کب؟ میں نے قرآن پر غور کیا تو مجھے اس کی تاریخ بہت پرانی معلوم ہوئی۔ پھر یہ بھی معلوم ہوا۔ کہ اس علاقہ پر قدیم زبردست اقوام نے ہمیشہ حملے کئے۔ مگر خدا نے کبھی ان کو بیت اللہ کی طرف نہ آنے دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے کچھ عرصہ پہلے ابرہہ نے حملہ کیا مگر خدا نے اس کے لشکر میں چیچک کی وبا پھیلادی۔ اور وہ ناکام ونامراد ہو کر واپس لوٹ گیا۔ غرض ہزاروں سال کی تاریخ میں یہ عجیب وغریب قلعہ مجھے ہمیشہ فاتح نظر آیا۔

دنیا میں دستور ہے کہ قلعہ پر جب حملہ کا خطرہ ہو تو دور دور چوکیاں بنادی جاتی ہیں۔ تا دشمن کے حملوں کو روکیں اور قلعہ کی طرف نہ بڑھنے دیں۔ اسی کے مطابق آج جبکہ دشمن کے حملہ کا خطرہ تھا۔ خدا نے بیت اللہ سے دور

ایک روحانی قلعہ قادیان میں

تیار کر دیا تا دشمن وہیں حملہ کرتا رہے۔ اور بیت اللہ تک نہ پہونچ سکے۔ اور چونکہ یہ قلعہ بھی دین کی اسی طرح حفاظت کر رہا ہے جس طرح ارض حرم نے کی اس لئے خدا کے مسیح نے فرمایا ؎

خدا کا ہم پہ بس لطف وکرم ہے
وہ نعمت کونسی باقی جو کم ہے
زمین قادیاں اب محترم ہے
ہجوم خلق سے ارض حرم ہے
ظہورِ عون ونصرت دمبدم ہے
حسد سے دشمنوں کی پشت خم ہے
سنو اب وقت توحید اتم ہے
ستم اب مائلِ ملکِ عدم ہے
خدا نے روک ظلمت کی اٹھادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

یہ تقریر جو نہائت بیش قیمت علمی اور روحانی معلومات سے لبریز تھی۔ چار گھنٹہ تک جاری رہی۔ آخر سوا سات بجے تقریر ختم ہوئی۔ اور حضور نے حاضرین سمیت لمبی دعا فرمائی ؛؛

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ کی ۲۷ دسمبر کی تقریر کا ذکر اخبار "سٹیٹسمین" میں

اخبار "سٹیٹسمین" دہلی ۲۹ دسمبر نے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی ۲۷ دسمبر کی تقریر کے متعلق اپنے خاص نامہ نگار کی طرف سے حسب ذیل رپورٹ شائع کی ہے۔

قادیان ۲۸ دسمبر آج جماعت احمدیہ کے سالانہ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب امام جماعت احمدیہ نے فرمایا۔ دنیا اس وقت نہائت ہی نازک دور میں سے گزر رہی ہے۔ اور ابھی اور نازک دور آنے والا ہے۔ آپ نے فرمایا انسانیت کی موجودہ مشکلات اور دکھوں میں ایک نیا نظام پیدا ہوگا۔ جو موجودہ نظام سے بہت مختلف اور اس سے بہت بہتر ہوگا۔ تقریر کے دوران میں آپ نے جماعت کی تعمیری سرگرمیوں نیز اندرونی مخالفین کی شرارتوں اور بیرونی دشمنوں کے حملوں پر بھی تبصرہ کیا۔ اور آئندہ سال کے لئے ایک عملی پروگرام جماعت کے سامنے رکھا۔ حکومت کے ساتھ جماعت کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا۔ کہ قادیان میں سکھوں کی کانفرنس کے موقعہ پر جو سلوک ہم سے کیا گیا ہم اسے سخت ناپسند کرتے ہیں۔ آپ نے جماعت کو سادہ زندگی اختیار کرنے کی تاکید فرمائی۔ اور نوجوان جماعت سے پُرزور اپیل کی کہ وہ اسلام کی خدمت کے لئے میدان میں نکلیں۔ آپ نے عورتوں کے جلسہ میں بھی تقریر [illegible] علیحدہ [illegible] منعقد ہوا۔

مختلف مذاہب اور مختلف فرقوں کے معززین کی جلسہ سالانہ میں شمولیت

حسب معمول امسال بھی غیر احمدی اور غیر مسلم معزز اصحاب جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ میں شریک ہوئے۔ جن کے لئے محلہ دارالانوار میں ٹھہرنے کا انتظام تھا۔ ایسے اصحاب کی تعداد دوصد کے قریب تھی اکثر نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ سے ملاقات کا شرف بھی حاصل کیا۔ اور قادیان کے مقامات مقدسہ کو دیکھا۔ ذیل میں بعض چیدہ اصحاب کے نام درج کئے جاتے ہیں:-

(۱) مسٹر ولفرڈ سی سمتھ آف ٹورنٹو سٹی کینیڈا۔ امریکہ۔ جو سینٹ جان کالج کیمرج انگلستان کے طالب علم ہیں۔ اور "اسلام میں نئی مذہبی اور نیم مذہبی تحریکات" پر مضمون تیار کر رہے ہیں۔

(۲-۳) مسٹر ڈُلّے جال صاحب آف چیکوسلواکیہ مع اہلیہ صاحبہ۔

(۴-۵) مسٹر بالک صاحب آف چیکوسلواکیہ مع اہلیہ صاحبہ۔

(۶) رائے صاحب لالہ نتھولال صاحب پوری۔ پی۔ سی۔ ایس (ریٹائرڈ) وزیر ریاست شاہ پورہ (راجپوتانہ)

(۷) پنڈت راجندر کشن صاحب کول سب جج درجہ اول لائل پور۔

(۸) لالہ کرم چند صاحب بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی پلیڈر کانگڑہ۔

(۹) لالہ اوم پرکاش صاحب امپریل سکرٹریٹ دہلی

(۱۰) مسٹر انیس احمد صاحب عباسی ایڈیٹر روزنامہ حقیقت لکھنؤ۔

(۱۱) چوہدری عنایت علی صاحب آنریری مجسٹریٹ گوجرانوالہ۔

(۱۲) خانصاحب میاں مراد بخش صاحب آنریری مجسٹریٹ جلال پور بھٹیاں ضلع گوجرانوالہ

(۱۳) چوہدری محمد نواز خانصاحب آنریری مجسٹریٹ رسول پور ضلع گوجرانوالہ۔

(۱۴) پنڈت نگیندر موہن پرشاد صاحب نیو اری جج ریاست جے پور۔

(۱۵) ملک علی بہادر خانصاحب آف گڑھی اوان ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ضلع گوجرانوالہ۔

(۱۶) چوہدری اکرام اللہ خانصاحب رئیس ایمن آباد۔

(۱۷) لفٹنٹ کرتی سنگھ اہلوالیہ آف پٹھانکوٹ ڈائرکٹر واہ سیمنٹ کمپنی۔

(۱۸) سردار منظور احمد خانصاحب تمندار و آنریری مجسٹریٹ کوٹ قیصرانی۔ ضلع ڈیرہ غازیخاں۔

(۱۹) چوہدری فیض علی خان صاحب آنریری مجسٹریٹ و جاگیردار ضلع گوجرانوالہ۔

اس کے علاوہ بہت سے معزز غیر احمدی اور غیر مسلم اصحاب آنریبل چوہدری سر محمد ظفر اللہ خانصاحب کی کوٹھی بیت الظفر میں فروکش تھے۔ جن میں سے بعض کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے:-

(۲۰) ملک غلام محمد صاحب کنٹرولر جنرل پرچیز دہلی

(۲۱) مسٹر زاہد حسین صاحب فنانشل ایڈوائزر سپلائی ڈیپارٹمنٹ دہلی۔

(۲۲) اے۔ کے ملک آئی۔ سی۔ ایس انڈین سٹورز ڈیپارٹمنٹ دہلی۔

(۲۳) خان بہادر ڈاکٹر عبدالحمید صاحب بٹ اسسٹنٹ ڈائرکٹر پبلک ہیلتھ پنجاب

(۲۴) خان بہادر راجہ اکبر علی صاحب دہلی۔

(۲۵) شیخ محمد تیمور صاحب وائس پرنسپل اسلامیہ کالج پشاور۔

(۲۶) باوا جھنڈا سنگھ صاحب ریٹائرڈ سب جج امرتسر۔

(۲۷) مسٹر فضل الرحمٰن صاحب شریف امرتسر

(۲۸) مسٹر مظہر شریف صاحب ایم۔ اے۔ امرتسر

(۲۹) خان بہادر میاں غلام قادر محمد شعبان صاحب ایم۔ ایل۔ اے سنٹرل کراچی۔

(۳۰) مسٹر شو ندر بہادر سہگل حیدر آباد دکن۔

(۳۱) لالہ کرم چند صاحب ایڈیٹر پارس لاہور

(۳۲) مسٹر اے۔ کے مشتاق صاحب حیدر آباد دکن

(۳۳) میاں محمد رشید صاحب آف سٹرلین دواخانہ لاہور

(۳۴) بخشی چانن شاہ صاحب لاہور۔

(۳۵) شیخ لائق علی صاحب سینئر سب جج امرتسر۔

(۳۶) چوہدری عبدالکریم صاحب آنریری مجسٹریٹ لاہور۔

(۳۷) شیخ عبدالعزیز صاحب امرتسر۔

(۳۸) شیخ عبدالرشید صاحب امرتسر۔

(۳۹) رفعت پاشا صاحب امرتسر۔

جلسہ سالانہ ۱۳۱۹ ہش کے اہم اور ضروری کوائف

امسال جلسہ سالانہ کے انتظامات حسب معمول تین مقامات پر کئے گئے۔ (۱) اندرون قصبہ (۲) محلہ دارالعلوم اور (۳) محلہ دارالفضل میں۔ دارالعلوم کے لنگر سے محلہ دارالرحمت کے مہمانوں کے لئے بھی کھانا مہیا کیا جاتا۔ اور دارالفضل کا لنگر خانہ محلہ دارالبرکات اور دارالسعت کے مہمانوں کے لئے علاوہ متصلہ گاؤں بھینی اور کھارہ کے مہمانوں کو بھی کھانا پہنچاتا۔ اندرون قصبہ سے ناصر آباد۔ دارالانوار ننگل اور قادر آباد کے مہمانوں کے لئے کھانا مہیا کیا جاتا۔ اندرون قصبہ کے لنگر خانہ میں ۳۳، دارالعلوم میں ۵۴، اور دارالفضل میں ۳۴ تنوروں پر رات دن روٹیاں پکائی گئیں۔ عام انتظامات کی صورت یہ رہی کہ افسر جلسہ سالانہ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب تھے۔ ان کے ماتحت اندرون قصبہ میں ڈاکٹر محمد طفیل خانصاحب اور دارالعلوم میں حضرت مرزا شریف احمد صاحب۔ اور دارالفضل میں حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب ناظم تھے۔ ان کے ساتھ متعدد نائب اور پھر ان کے ماتحت بہت سے معاون کام کرتے تھے۔

سپلائی و سٹور

ہر سہ نظامتوں کے علاوہ ناظر صاحب ضیافت کی امداد کے لئے ایک چوتھی نظامت سپلائی و سٹورز تھی۔ جس کے ناظم جناب قاضی محمد عبداللہ صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ اور نائب مولوی عبدالرحمٰن صاحب تھے۔ یہ نظامت تمام ضروری اشیاء بروقت مہیا کرنے کی ذمہ وار تھی۔ تعمیرات کا انتظام بھی اس میں شامل تھا۔

پہرہ کا انتظام

جناب سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب ناظر امور عامہ منتظم حفاظت خاص تھے۔ چوہدری اسداللہ خانصاحب بیرسٹر۔ چوہدری غلام احمد صاحب پلیڈر اور شیخ یوسف علی صاحب ان کے نائب تھے۔ جن کے ماتحت بیس مختلف شعبوں کے مختلف انچارج تھے۔ مختلف راستوں پر آنے جانے والے مہمانوں کو راستہ بتانا۔ جلسہ گاہ میں آنے جانے والے مردوں اور عورتوں کے لئے راستے مقرر کرنا۔ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے جلسہ گاہ میں تشریف لے جانے اور واپس تشریف لانے کے وقت پہرہ کا انتظام۔ مقامات مقدسہ اور جماعت کی عمومی حفاظت کا انتظام۔ رستوں میں چلتی پھرتی احمدی عورتوں اور بچوں کی حفاظت۔ اور اندرونی و بیرونی دشمنوں کی حرکات و سکنات اور شرارتوں کا علم رکھنا اور ان کا انسداد کرنا ان کے سپرد تھا۔ احمدیہ کور اور بیرونی مستعد اور فوجی کام سے واقف احباب نے بھی اس سلسلہ میں امداد دی۔ جن میں سے جماعت احمدیہ دوالمیال کے دوست خاص طور پر شکریہ کے مستحق ہیں۔

طبّی انتظام

طبی امداد کے لئے حسب دستور نور ہسپتال ۲۴ گھنٹے کھلا رہا۔ جس میں کم از کم ایک ڈاکٹر اور دو کمپونڈر ہر وقت موجود رہتے۔ نور ہسپتال کے انچارج جناب ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کے علاوہ حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب بھی وقت دیتے رہے۔ نور ہسپتال کے علاوہ اور مقامات پر بھی طبی انتظام تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے کوئی تشویشناک حادثہ نہیں ہوا۔

خدام الاحمدیہ

۲۶ فتح کو مسجد اقصیٰ میں خدام الاحمدیہ کے آئندہ سال کے صدر اور جنرل سیکرٹری کے انتخاب کے لئے زیر صدارت سیٹھ محمد اعظم صاحب حیدر آباد دکن جلسہ ہوا۔ اور کثرت آراء سے حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب صدر اور خلیل احمد صاحب ناصر سیکرٹری منتخب ہوئے۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ نے اس انتخاب کو منظور فرمایا۔

اس دفعہ خدام الاحمدیہ کا انعامی جھنڈا ۲۷ دسمبر کو حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ نے مجلس خدام الاحمدیہ گوجرانوالہ کو عطا کیا۔ کہ اس سال وہ بہترین کام کرنیوالی مجلس ثابت ہوئی ہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ نے بھی اپنا جھنڈا جلسہ گاہ کے جنوب میں نصب کیا۔ جس کی حفاظت کے لئے مجلس نے پہرہ کا انتظام کر رکھا تھا۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے

یکم جنوری ۱۹۴۱ء سے ٹائم ٹیبل میں حسب ذیل تبدیلیاں عمل میں آئینگی

ٹرین کا نمبر	سٹیشن جہاں سے چلے گی	روانگی	سٹیشن جہاں پہنچے گی	آمد
۱۹۶ ڈاؤن	جیکب آباد	۹-۰	ٹرک	۱۰-۴۲
۱۰-ڈاؤن	ڈھابے جی	۱۴-۱۴	کراچی شہر	۱۵-۳۵
۹-اپ	کراچی شہر	۱۲-۵	ڈھابے جی	۱۳-۲۵
۲۸۷/۲۹۰ ڈاؤن	پاڈ ایڈان	۷-۵۰	کوٹری	۱۷-۳۰
۴۹۷-اپ	ٹانڈو آدم	۱۰-۵	سکرنڈ	۱۲-۳۳
۴۷۳-اپ	پاڈ ایڈان	۴-۱۰	محراب پور	۶-۳۵
۴۷۴-ڈاؤن	محراب پور	۷-۵	پاڈ ایڈان	۱۰-۱۰
۳۶۵-اپ	نواب شاہ	۱۰-۴۵	سکرنڈ	۱۱-۳۰
۴۸۲-ڈاؤن	جیکب آباد	۵-۴۰	لاڑکانہ	۱۱-۵۵
۴۸۴-ڈاؤن	"	۱۵-۰	"	۱۹-۵۰
۴۸۱-اپ	لاڑکانہ	۹-۵۰	جیکب آباد	۱۵-۵۵
۴۸۳-اپ	"	۱۶-۵	"	۲۰-۵۰
۴۹۲-ڈاؤن / ۴۹۹-اپ	بوستان	۱۴-۵۸	فورٹ سنڈیمن	۹-۵
(سوموار - بدھ وار اور جمعہ کے روز)				
۴۹۳-ڈاؤن / ۴۹۹-اپ	بوستان	۳-۵۸	ہندوباغ	۲۰-۵
(منگل - جمعرات اور ہفتہ کو)				
۱۸-ڈاؤن	چمن	۸-۱۵	قلعہ عبداللہ	۱۰-۴۳
۴۲-اپ	بہاول پور	۵-۰	سمہ سٹہ	۱۷-۱۰
۴۴-ڈاؤن	سمہ سٹہ	۱۰-۲	بہاول نگر	۲۱-۴۵
۹۹-اپ	دھوری	۵-۳	سمہ سٹہ	۱۶-۵۰
۹۷-اپ	جیت سنگھ والا	۰-۱۲	"	۷-۲۰
۱۹۹-اپ	پنج کوسی	۱۷-۱	بہاول نگر	۱۹-۳۳
۱۰۰-ڈاؤن	سمہ سٹہ	۱۰-۱۸	بھٹنڈہ	۱۹-۱۵
۱۸-ڈاؤن	"	۱۸-۱۰	دھوری	۷-۳۰
۲۰۰-ڈاؤن	بہاول نگر	۷-۵۰	بھٹنڈہ	۱۳-۲۰
۴۲۴-ڈاؤن	فورٹ عباس	۵-۵۰	میکلوڈگنج روڈ	۱۱-۷
۴۲۳-اپ	میکلوڈگنج روڈ	۱۴-۵۱	فورٹ عباس	۲۱-۰
